

# ہم آپ کیلئے حاضر ہیں!

Urdu

کیا آپ کا بچہ یا آپ کے گھرانے میں کسی کا بچہ
ایسا ہے جو اپنی عمر کے دوسرے بچوں سے مختلف ہے؟
آپ کو اپنے بچے کے ساتھ جو خوشیاں اور جو دکھ پیش ہیں
کیا آپ کسی سے مل کر ان کے بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں؟
اگر آپ معذور افراد کیلئے ناروریجن ایسوسی ایشن (Norsk Forbund for Utviklingshemmede, NFU)
میں شامل ہو جائیں تو آپ کی ملاقات ایسی ہی صورتحال رکھنے والے دوسرے گھرانوں سے ہو گی۔

جن بچوں کے والدین کو زیادہ مدد کی ضرورت ہو،
ان کیلئے مشورے اور مدد کی مختلف قسمیں دستیاب ہیں۔
NFU کے ممبر کے طور پر آپ اس بارے میں مزید سیکھ سکتے ہیں۔
NFU میں ہم اس بارے میں سوالات کے جواب دے سکتے ہیں کہ آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں۔
یہاں آپ ان سب معاملات کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں جن میں ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔






# ہم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں

*"میرا بچہ دوسرے بچوں جیسا نہیں ہے۔*
*اچھا ہوتا اگر مں یہی صورتحال رکھنے والے کسی اور شخص سے بات کر سکوں!"*

NFU میں آپ کا ان دوسرے لوگوں سے رابطہ ہو سکتا ہے جن کی صورتحال یہی ہے۔
یہاں معذور بچوں کے بہن بھائی ایک دوسرے سے مل سکتے ہیں۔
ملک بھر میں کاؤنٹی (فلکے) کی سطح پر اور مقامی سطح پر ہماری تنظیمیں موجود ہیں۔
یہ تنظیمیں اس شعبے سے متعلق اور سوشل نوعیت کے کورس اور میٹنگیں منعقد کرتی ہیں۔
یہ کورس معذور ممبروں کیلئے بھی ہیں
اور ان کے والدین اور بہن بھائیوں کیلئے بھی۔



# مشورہ اور مدد

NFU والدین کو اس بارے میں معلومات دیتی ہے کہ
معذور بچوں والے گھرانوں کو کس قسم کی مدد کا حق حاصل ہے۔
یہاں چند ایسے سوالات دیے جار رہے ہیں جن کا ہم اکثر جواب دیتے ہیں:

*"میں تھکن کا شکار ہوں، مجھے کس قسم کی مدد مل سکتی ہے؟"*
جن بچوں کے والدین کو زیادہ مدد کی ضرورت ہو،
انہیں مختلف قسموں کی مدد مل سکتی ہے۔
مثال کے طور پر گھر میں یا گھر سے باہر
بچے کا دھیان رکھنے کیلئے کوئی شخص مل سکتا ہے۔
اسے آرام کا وقفہ دلانا (avlastning) کہتے ہیں۔



# بارنے ہاگے اور سکول

*"کیا میرا بچہ بارنے ہاگے جا سکتا ہے اور اسے کس قسم کی مدد مل سکتی ہے؟"*
سب بچے بارنے ہاگے جا سکتے ہیں۔
بلدیہ یہ دھیان رکھے گی کہ معذور بچوں کو
اضافی مدد اور سہارا ملے۔

*"کیا میرا بچہ سکول جا سکتا ہے اور اسے کس قسم کی مدد مل سکتی ہے؟"*
سکول جانا سب بچوں کا حق ہے اور یہ سب بچوں کیلئے لازمی بھی ہے۔
وہ سب طالبعلم جنہیں سیکھنے کیلئے اضافی مدد کی ضرورت ہو، انہیں یہ مدد لینے کا حق حاصل ہے۔
اسے خصوصی تعلیم کہتے ہیں۔
خصوصی تعلیم ایسی ہونا ضروری ہے کہ بچہ سمجھ سکتا ہو اور سیکھ سکتا ہو۔

NFU کی خواہش ہے کہ معذور بچوں کو
بارنے ہاگے اور سکول میں بہترین ممکن پیشکش ملے۔




# کام

*"کیا معذور افراد کیلئے کام کے مواقع موجود ہیں؟"*

معذور افراد کیلئے
کام کے مختلف مواقع موجود ہیں۔
بہت سے لوگ کام کر سکتے ہیں اور کرنا چاہتے ہیں۔
ملازمت کے مواقع کے بارے میں NAV معلومات دے سکتا ہے۔
یہ ادارہ مدد کی ایسی صورتیں پیش کرتا ہے کہ ایک فرد اپنا کام انجام دے سکے۔

*NFU* کی خواہش ہے کہ معذور افراد کو
ایسا کام حاصل ہو جس میں وہ خوش رہیں۔

# اپنا گھر اور فرصت کا وقت

*"کیا معذور نوجوان 18 سال کی عمر کے بعد*
*اپنے الگ گھر میں رہ سکتے ہیں؟"*

بہت سے معذور لوگ اپنے الگ گھر میں رہ سکتے ہیں اور رہنا چاہتے ہیں۔
انہیں اپنے گھر میں مدد کا حق حاصل ہے، چاہے وہ کہیں بھی رہتے ہوں۔
NFU مدد اور سہارے کے مواقع کے بارے میں معلومات دے سکتی ہے۔

NFU کی رائے میں سب لوگوں کیلئے ممکن ہونا چاہیئے کہ وہ جہاں اور جس کے ساتھ چاہیں، رہیں
چاہے وہ کرایے کا گھر لیں یا اپنا ملکیتی گھر۔

*"میرے بچے کو فرصت کے وقت میں مختلف سرگرمیوں میں*
*حصہ لینے کیلئے کونسے مواقع حاصل ہیں؟"*

فرصت کی ایسی بہت سرگرمیاں ہیں
جن میں معذور بچے اور نوجوان شریک ہو سکتے ہیں۔
NFU کی مقامی تنظیمیں اور کاؤنٹی تنظیمیں
بتا سکتی ہیں کہ جہاں آپ رہتے ہیں، وہاں کونسی سرگرمیاں دستیاب ہیں۔
معذور بچوں اور نوجوانوں کو ایک مددگار مل سکتا ہے
جو فرصت کے وقت میں ان کے ساتھ رہ سکتا ہے۔

# کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

NFU میں آپ کو پتہ چلتا ہے کہ آپ کو اپنے بچے کیلئے
جس مدد کی ضرورت ہے، آپ اس کی درخواست کیسے دے سکتے ہیں –
مثال کے طور پر بلدیہ یا NAV کو مدد کی درخواست۔



# ممبر بنیں!

اپ کو NFU کی ممبرشپ فیس کے بدلے بہت کچھ ملتا ہے۔
آپ کو ان معاملات میں مفت مشورہ ملتا ہے جیسے
صحت اور دیکھ بھال کی خدمات، بارنے ہاگے، سکول، کام، فرصت کا وقت اور رہائش۔
ممبروں کو رسالہ *Samfunn for alle* ملتا ہے۔

# ممبر بنیں!

NFU کی سالانہ ممبر شپ فیس یہ ہے:

- ☐ اکیلا ممبر ‎-,495‎ کرونر
- ☐ اسی پتے پر رہنے والا گھر کا فرد ‎-,250‎کرونر
- ☐ 18 سال سے کم عمر بچے ‎-,70‎ کرونر

**نوٹ!** 18 سال سے کم عمر کے بچے اکیلے ممبر نہیں بن سکتے۔ وہ اسی پتے پر رہنے والے گھر کے فرد کے ساتھ ممبر بن سکتے ہیں جو ہمارا ممبر ہو۔

Adressaten betaler
for sending i Norge

posten

Distribueres av
Posten Norge

**Norsk Forbund for Utviklingshemmede**

Svarsending 1225

0090 Oslo

نام:

پتہ:

پوسٹل نمبر اور پوسٹل ایریا:

تاریخ پیدائش:

موبائل نمبر:

ای میل:

اسی پتے پر رہنے والے اکیلےممبر کا نام:
(18 سال سے کم عمر کے بچوں اور گھر کے افراد کیلئے)

دستخط:

## اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں تو رابطہ کریں:


**Norsk Forbund for Utviklingshemmede**

Postboks 8954 Youngstorget, 0028 Oslo

22 39 60 50

firmapost@nfunorge.org

www.nfunorge.org

www.facebook.com/NFUnorge


nfu

Norsk Forbund for Utviklingshemmede





ALLEGRO allegro.no